## ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کا ہفتہ اوراتوار کی درمیانی شب ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر قائم ایمرجنسی سینٹر پر رابطہ،
## اراکین رابطہ کمیٹی، حق پرست ارکان اسمبلی اور دیگر شعبہ جات کے ذمہ داران سے گفتگو
## کراچی میں ممکنہ سمندری طوفان اور شہر میں طوفانی بارشوں سے پیدا ہونیوالی صورتحال معلوم کی
## الطاف حسین رات بھر وقفہ وقفہ سے ذمہ داران سے رابطہ کر کے ان سے شہر کی صورتحال دریافت کرتے رہے
## ذمہ داران وکارکنان طوفانی بارشوں سے متاثرہ شہریوں کی ہرممکنہ مدد کریں اور بحالی کے کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔الطاف حسین

لندن۔۔۔6 جون2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ہفتہ اوراتوار کی درمیانی شب کراچی میں ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو فون کر کے وہاں قائم ایمرجنسی سینٹر میں موجود اراکین رابطہ کمیٹی، حق پرست ارکان اسمبلی اور دیگر شعبہ جات کے ذمہ داران سے گفتگو کی اوران سے کراچی میں ممکنہ سمندری طوفان اور شہر میں طوفانی بارشوں سے پیدا ہونیوالی صورتحال معلوم کی۔اس موقع پر ذمہ داران نے جناب الطاف حسین کو شہر میں طوفانی بارشوں کے بعد کی صورتحال سے آگاہ کیا۔ جناب الطاف حسین نے اراکین رابطہ کمیٹی، حق پرست ارکان اسمبلی اور ذمہ داران وکارکنان کو ہدایت کی کہ وہ مستقل الرٹ رہیں اور شہر میں طوفانی بارشوں سے متاثرہ شہریوں کی ہرممکنہ مدد کریں اور علاقوں میں بحالی کے کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔انہوں نے ذمہ داران کو مزید ہدایت کی کہ ممکنہ سمندری طوفان سے پیدا ہونے والی صورتحال سے نمٹنے کیلئے تمام تر اقدامات بروئے کارلائے جائیں۔ جناب الطاف حسین رات بھر وقفہ وقفہ سے ذمہ داران سے رابطہ کر کے ان سے شہر کی صورتحال دریافت کرتے رہے۔

## ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کا حیدرآباد کے زونل انچارج شریف خان اورصوبائی وزیر زبیر احمد سے فون پر رابطہ
## حیدرآباد میں طوفانی بارشوں کے بعد پیدا ہونے والی صورتحال معلوم کی اور حیدرآباد اور لطیف آباد کے کئی علاقے زیرآب آنے پر گہری تشویش
## پانی کی نکاسی کیلئے پمپنگ اسٹیشنوں پر فوری طور پر جنریٹرز کا انتظام کیا جائے اور پانی کی نکاسی کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کئے جائیں۔الطاف حسین
## الطاف حسین کا حیدرآباد کے ڈی سی او آفتاب کھتری سے بھی فون پر رابطہ، متاثرہ علاقوں میں بحالی کے کاموں کو تیز کیا جائے۔الطاف حسین

حیدرآباد۔۔۔6 جون2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم حیدرآباد کے زونل انچارج شریف خان اور صوبائی وزیر زبیر احمد سے فون پر رابطہ کیا اوران سے حیدرآباد میں طوفانی بارشوں کے بعد پیدا ہونے والی صورتحال معلوم کی اور حیدرآباد اور لطیف آباد کے کئی علاقے زیرآب آنے پر گہری تشویش کا اظہار کیا اس موقع پر شریف خان اور زبیر احمد نے جناب الطاف حسین کو بتایا کہ بجلی کی عدم فراہمی کے باعث پمپنگ اسٹیشن بند ہوگئے ہیں جسکے نتیجے میں شہر کئی علاقوں سے بارش کے پانی کی نکاسی معطل ہوگئی ہے جس سے کئی علاقے زیرآب آگئے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے اس صورتحال پر افسوس کا اظہار کیا اور ایم کیوایم حیدرآباد کے زونل انچارج شریف خان اور صوبائی وزیر زبیر احمد سے کہا کہ پانی کی نکاسی کیلئے پمپنگ اسٹیشنوں پر فوری طور پر جنریٹرز کا انتظام کیا جائے اور متاثرہ علاقوں سے پانی کی نکاسی کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کئے جائیں۔ جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم حیدرآباد کے ذمہ داروں اور کارکنوں کو بھی ہدایت کی کہ وہ شہری انتظامیہ کے ساتھ ملکر متاثرہ علاقوں سے پانی کی نکاسی کو ممکن بنائیں۔ جناب الطاف حسین نے حیدرآباد کے ڈی سی او آفتاب کھتری سے بھی فون پر رابطہ کیا اوران سے کہا کہ متاثرہ علاقوں میں بحالی کے کاموں کو تیز کیا جائے۔ ڈی سی او حیدرآباد آفتاب کھتری نے جناب الطاف حسین کو متاثرہ علاقوں سے پانی کی نکاسی اور صورتحال پر قابو پانے کیلئے کئے جانے والے اقدامات سے آگاہ کیا۔ڈی سی او حیدرآباد نے جناب الطاف حسین کو بتایا کہ اس ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے ایم کیوایم حیدرآباد زون کے ذمہ داران وکارکنان اور ایم کیوایم کے ارکان اسمبلی ان کے ساتھ بھرپور تعاون کررہے ہیں۔

## ایم کیوایم شروع دن سے بلا امتیاز رنگ ونسل دکھی انسانیت کی بے لوث خدمت کررہی ہے،شعیب بخاری
## خدمت خلق فاؤنڈیشن میں مرکزی امدادی کیمپ کا دورہ،امدادی سرگرمیوں کا جائزہ لیا
## ایم کیوایم کے تحت ممکنہ سمندری طوفان،سیلاب اورطوفانی بارشوں سے ٹھٹھہ،بدین،کے ٹی بندر،شاہ بندرسمیت دیگرعلاقوں کے متاثرین کی امداد کیلئے پہلا امدادی قافلہ روانہ کردیا

کراچی۔6جون2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پرایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت ساحلی علاقوں میں ممکنہ سمندری طوفان،سیلاب اورطوفانی بارشوں سے ٹھٹھہ ،بدین ،کے ٹی بندر ،شاہ بندرسمیت دیگر علاقوں کے متاثرین کی امداد کیلئے سرگرمیوں کا سلسلہ جاری ہے اوراس سلسلے میں مخیّر حضرات صنعت کار،تاجراورعوام خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر واقع فیڈرل بی ایریا میں قائم کیمپ میں اشیاءخوردونوش اورادویات جمع کروارہے ہیں۔دریں اثناءایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اورحق پرست صوبائی وزیرسیدشعیب احمد بخاری ایڈوکیٹ نے ہفتہ کی شام خدمت خلق فاؤنڈیشن میں مرکزی امدادی کیمپ کا دورہ کرکے امدادی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔جبکہ ممکنہ سمندری طوفان،سیلاب اورطوفانی بارشوں سے ٹھٹھہ ،بدین ،کے ٹی بندر،شاہ بندرسمیت دیگرعلاقوں کے متاثرین کی امداد کیلئے پہلی امدادی کھیپ روانہ کردی جس میں اشیاء خوردونوش،آٹا،دالیں ،چاول ،گھی ،خشک دودھ کے پیکٹ ، پانی ،ادویات شامل ہیں ۔اس موقع پرشعیب بخاری نے کہا کہ قائدتحریک الطاف حسین نے ہمیشہ دکھی انسانیت کی خدمت کا درس دیاہےاورایم کیوایم سیاست برائے خدمت پریقین رکھتی ہے یہی وجہ ہے کہ ایم کیوایم شروع دن سے بلاامتیاز رنگ ونسل دکھی انسانیت کی بےلوث خدمت کررہی ہے۔انہوں نے امدادی سرگرمیوں میں مصروف کارکنان اورخدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں کوقائدتحریک الطاف حسین کی جانب سے شاباش دی اورانہیں زبردست خراج تحسین بھی پیش کیا۔بعدازاں شعیب بخاری ایڈوکیٹ نے ممکنہ سمندری طوفان،سیلاب اورطوفانی بارشوں سے ٹھٹھہ ،بدین ،کے ٹی بندر،شاہ بندرسمیت دیگرعلاقوں کے متاثرین کی امداد کیلئے سامان روانہ کیا۔

## رابطہ کمیٹی کے ارکان نے رات گئے طوفانی بارشوں سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا
## حق پرست عوامی نمائندے بارش کے پانی کی نکاسی اوردیگرامدادی سرگرمیوں میں مصروف رہے
## رامسوامی میں مخدوش عمارت گرگئی،عمارت خالی کرانے کے باعث جانی نقصان نہیں ہوا

کراچی۔۔۔6جون2010ء

ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پررابطہ کمیٹی کے ارکان ڈاکٹرصغیراحمداوروسیم آفتاب نے رات گئے طوفانی بارشوں سے متاثرہ کراچی کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا اور بارش کے پانی کی نکاسی سمیت دیگرامدادی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے فیڈرل بی ایریا،لیاقت آباد،ایم اے جناح روڈ،صدر، ناظم آباد،شاہراہ فیصل اورشہر کے دیگرعلاقوں کا دورہ کیا۔اس موقع پرحق پرست وزراء،سینٹرز،ارکان قومی وصوبائی اسمبلی اورایم کیوایم کے مقامی ذمہ داران وکارکنان سڑکوں پرجمع ہونے والے بارش کے پانی کی نکاسی،ٹریفک کی روانی،بارش سے متاثرہ افراد کی محفوظ مقام پرمنتقلی اور دیگرامدادی سرگرمیوں میں مصروف تھے۔اس موقع پررابطہ کمیٹی کے ارکان نے امدادی سرگرمیوں میں مصروف عوامی نمائندوں اور کارکنان کوقائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے خراج تحسین پیش کیا۔دریں اثناءرنچھوڑ لائن کے علاقے رامسوامی میں طوفانی بارشوں کے باعث ایک مخدوش عمارت گرگئی،عمارت کی مخدوش حالت کے باعث حق پرست نمائندوں نے اسے خالی کرالیا جسکے باعث کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔واقعہ کی اطلاع ملتے ہی حق پرست ارکان سندھ اسمبلی طاہرقریشی،شعیب ابراہیم اورایم کیوایم کے مقامی ذمہ داران جائے حادثہ پرپہنچ گئے اورانہوں نے امدادی سرگرمیوں میں حصہ لیا۔جبکہ دوسری جانب طوفانی بارشیں شروع ہوتے ہی حق پرست اراکین سندھ اسمبلی سید خالد احمد، نشاط ضیاء، ریحان ظفراورمنظرامام نے گلشن اقبال،شاہ فیصل کالونی،ملیر،لانڈھی،کورنگی،سائٹ، بلدیہ،اورنگی ٹاؤن کے علاقوں کا دورہ کیااورنکاسی آب کے انتظامات کا جائزہ لیااوروہاں موجود واٹر بورڈ کے عملے کوضروری ہدایت دیں۔حق پرست اراکین نے کلفٹن پمپنگ اسٹیشن، جمیلہ اسٹریٹ پمپنگ اسٹیشن اورکورنگی پمپنگ اسٹیشن کا بھی دورہ کیا اور وہاں موجود عملے کو ہدایت دیں کہ بارش کے دوران بجلی کے منقطع ہونے کی صورت میں متبادل انتظامات جنریٹر کا استعمال یقینی بنائیں۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان اورحق پرست نمائندوں کا بارشوں سے متاثرہ علاقوں کا دورہ

## برساتی نالوں پرغیرقانونی تجاوزات کے خاتمے کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں، متاثرہ مکینوں کی حق پرست عوامی نمائندوں سے اپیل

کراچی۔۔۔6جون2010ء

اتوار کے روز بھی متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے اراکین، منتخب حق پرست عوامی نمائندوں وزراء، مشیران، اراکین اسمبلی نے ایم کیوایم کے دیگر ذمہ داران کے ہمراہ کراچی میں طوفانی بارشوں سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کرکے وہاں بارش کی تباہ کاریوں اوراس حوالے سے جاری امدادی سرگرمیوں کا جائزہ لیا جبکہ انہوں نے اس موقع پر متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے بارش سے متاثرہ علاقوں میں قائم کیے گئے ریلیف کیمپوں اورمیڈیکل کیمپس کا بھی دورہ کیا۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنونیروحق پرست وفاقی وزیرڈاکٹر فاروق ستاراوررکن رابطہ کمیٹی اشفاق منگی نے کھارادر، میٹھادر، موسیٰ لین، مچھی میانی مارکیٹ، اللہ رکھا پارک، پنجابی کلب، برکاتی اسکاؤٹ کیمپ، آغاخان جماعت خانہ اور بلدیہ ٹاؤن سمیت مختلف متاثرہ علاقوں کا تفصیلی دورہ کیا اورخدمت خلق فاؤنڈیشن اورایم کیوایم کی جانب سے امدادی کاموں کا جائزہ لیا جبکہ گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد، ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیرڈاکٹرصغیراحمداوررکن رابطہ کمیٹی وسیم آفتاب نے صوبائی وزیربلدیات آغاسراج درانی اورایڈمنسٹریٹرکراچی فضل الرحمٰن کے ہمراہ شاہراہ فیصل، ایئرپورٹ، گلستان جوہر، گلشن اقبال، نارتھ کراچی، نیوکراچی، سہراب گوٹھ، راشدمنہاس روڈ، نیپا، ڈیفنس، نارتھ ناظم آباد، ناظم آباد، لیاقت آباد، گولی مار، سائیٹ اور گجرنالہ سمیت شہر کے دیگرمتاثرہ علاقوں کا تفصیلی دورہ کیا، اسی طرح حق پرست صوبائی وزیرعبدالرؤف صدیقی نے سائٹ، محمودآباد اورکورنگی انڈسٹریل ایریاز کا دورہ کیا، طوفانی بارشوں سے متاثرہ افراد کیلئے ایم کیوایم کی امدادی سرگرمیوں کا جائزہ لیا اورعلاقوں میں برساتی نالے کی صفائی کے انتظامات کی ہدایت کی۔اسی طرح حق پرست صوبائی وزیرخالدعمر، ارکان سندھ اسمبلی نشاط محمد ضیاء اورخالدافتخار نے شاہ فیصل کالونی، ایئرپورٹ، لانڈھی کورنگی اورجمشیدٹاؤن کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا جبکہ حق پرست صوبائی وزیرعادل صدیقی اوروزیراعلیٰ سندھ کے مشیرخواجہ اظہارالحسن نے نیوکراچی، نارتھ کراچی اورسرجانی ٹاؤن کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا اسی طرح حق پرست صوبائی وزیرعبدالحسیب نے پاک کالونی اورشیرشاہ کالونی کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا۔اس موقع پرعلاقے کے عوام نے رابطہ کمیٹی کے ارکان کو بتایا کہ کراچی کے علاقے میں قائم برساتی نالوں پرغیرقانونی تجاوزات کے قیام کے بعد برساتی پانی کی نکاسی کا کوئی دوسرا ذریعہ نہیں رہا جس کے باعث برساتی پانی سڑکوں اورگلیوں میں جمع ہے، علاقے کے عوام نے حق پرست عوامی نمائندوں سے اپیل کی کہ وہ برساتی نالوں پرغیرقانونی تجاوزات کے خاتمے کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے نے بارش کے پانی کی نکاسی، ٹریفک کی روانی اورمتاثرہ افراد کی محفوظ مقامات پرمنتقلی کیلئے امدادی کاموں میں مشغول حق پرست عوامی نمائندوں، ایم کیوایم کے کارکنان اورخدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضاکاروں سے ملاقات کی اورانہیں قائدتحریک الطاف حسین کی جانب سے شاباش دی اورخراج تحسین پیش کیا۔

## سمندری طوفان کے باعث متاثرہ افراد کیلئے ٹھٹھہ اور بدین میں ایم کیوایم کی جانب سے امدادی کیمپ قائم کردیئے گئے،

## ایم کیوایم کی میڈیکل ایڈ کمیٹی کی ٹیمیں اورایم کیوایم کے کارکنان متاثرین کوامدادفراہم کرنے میں مصروف ہیں

## کٹی بندراورگولارچی میں ایم کیوایم کی جانب سے قائم امدادی کیمپ میں متاثرین کوطبی امداد اورکھانا فراہم کیا جارہا ہے

## حق پرست صوبائی مشیرغلام حیدرراہو، ایم کیوایم کی اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ارکان ریاض احمد اورمرید بروہی ٹھٹھہ میں اور ایم کیوایم کے صوبائی وزیرنثارپنہوراورتنظیمی کمیٹی کے ارکان عاشق اسدی اورخالدبگھیو بدین میں امدادی سرگرمیوں کی نگرانی کررہے ہیں

ٹھٹھہ ۔۔۔ 6 جون2010ء

سمندری طوفان کے باعث آنے والی طوفانی بارشوں سے متاثرہ افراد کیلئے ٹھٹھہ اور بدین میں ایم کیوایم کی جانب سے امدادی کیمپ قائم کردیئے گئے جہاں ایم کیوایم کی میڈیکل ایڈکمیٹی کی ٹیمیں اورایم کیوایم کے کارکنان متاثرین کوامدادفراہم کرنے میں مصروف ہیں۔تفصیلات کے مطابق میڈیکل ایڈ کے ڈاکٹروں، پیرامیڈیکل اسٹاف اورخدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضاکاروں پرمشتمل امدادی ٹیم کیٹی بندر کے علاقے بگان میں قائم ریلیف کیمپ میں متاثرین کوطبی امدادفراہم کررہی ہے۔ایم کیوایم ٹھٹھہ زون کے کارکنان بھی ان امدادی سرگرمیوں میں مصروف ہیں۔حق پرست صوبائی مشیرغلام حیدرراہو، ایم کیوایم کی اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ارکان ریاض احمداورمرید بروہی بھی کیٹی بندر میں کارکنان کے ہمراہ موجود ہیں اوران امدادی سرگرمیوں کی نگرانی کررہے ہیں۔دوسری جانب بدین کے علاقے گولارچی میں بھی ایم کیوایم کی جانب سے قائم کئے جانے والے امدادی کیمپ میں متاثرین کوطبی امدادفراہم کی جارہی ہے اورکیمپوں میں مقیم افراد کوکھانا بھی فراہم کیا جارہا ہے۔ایم کیوایم بدین زون کے کارکنان امدادی سرگرمیوں میں رات دن مصروف

ہیں۔ایم کیوایم سے تعلق رکھنے والے صوبائی وزیر نثار پنہور، ایم کیوایم کی اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ارکان عاشق اسدی، خالد بگھیو گولارچی میں امدادی سرگرمیوں کی نگرانی کررہے ہیں۔

## ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن نے ٹھٹھہ، بدین اور ابراہیم حیدری میں امدادی کیمپس قائم کردیئے
## امدادی کیمپوں میں متاثرہ خاندانوں کو کھانا اور پانی فراہم کیا گیا جبکہ ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی نے
## وبائی امراض میں مبتلا مریضوں کو طبی سہولیات فراہم کیں

کراچی۔۔۔6، جون 2010ء

ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پر سمندری طوفان اور شدید بارشوں سے متاثرہ ٹھٹھہ، بدین اور ابراہیم حیدری کے علاقوں میں ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن نے اتوار کے روز امدادی کیمپس قائم کردیئے۔ٹھٹھہ، بدین اور ابراہیم حیدری کے متاثرہ خاندانوں کو امدادی کیمپوں میں کھانا اور پانی فراہم کیا گیا اور ان کی مناسب دیکھ بھال کا انتظام بھی کیا گیا ہے۔ان امدادی کیمپوں پر ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ماہر ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف پر مشتمل ٹیم نے وبائی امراض میں مبتلا متاثرہ مریضوں کا معائنہ کیا اور انہیں بھاری مالیت کی ادویات فراہم کیں۔خدمت خلق فاؤنڈیشن کے امدادی کیمپوں پر مصیبت کی گھڑی میں رہائش، کھانے پینے اور علاج ومعالجہ کی سہولیات کی فراہمی پر ایم کیوایم کے کارکنان اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضاکاروں سے دلی تشکر کا اظہار کیا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے دعائیں کیں۔

## بلوچستان اور سندھ میں جاری شدید بارشوں میں کرنٹ لگنے اور دیگر حادثات میں متعدد شہریوں کے جاں بحق ہونے پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔6 جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے بلوچستان اور سندھ میں جاری شدید بارشوں کے دوران کرنٹ لگنے اور دیگر حادثات میں متعدد شہریوں کے جاں بحق ہونے پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے ناگہانی آفت میں جاں بحق ہونے والے افراد کے تمام لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔(آمین)

## الطاف حسین کی ہدایت پر غذائی اجناس لیکر ایم کیوایم کا قافلہ بلوچستان کے ڈام روانہ

کراچی۔۔۔6 جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر رکن رابطہ کمیٹی سیف یار خان، صوبائی تنظیمی کمیٹی کے اراکین اور ایم کیوایم بلوچستان کے آرگنائزر یوسف شاہوانی بھاری مقدار میں غذائی اجناس اور دیگر امدادی اشیاء لیکر میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ہمراہ اتوار کی صبح بلوچستان کے علاقے حب ڈام روانہ ہوگئے۔واضح رہے کہ بلوچستان کا علاقہ ڈام سمندری طوفان سے بہت زیادہ متاثر ہوا ہے اور وہاں ہزاروں عوام بے گھر ہوچکے ہیں اور وہاں غذائی اجناس کی شدید قلت پیدا ہوگئی ہے جس پر قائد تحریک الطاف حسین نے فوری نوٹس لیا اور رابطہ کمیٹی اور دیگر ذمہ داران کو ہدایت کی وہ فوری طور پر غذائی اجناس اور دیگر ضروری اشیاء لیکر ڈام پہنچیں اور ان کی متاثرین کی ہرممکن مدد کریں۔

## حق پرست وزراء نے ٹھٹھہ، بدین اور کراچی کے ساحلی علاقوں میں قائم کئے گئے امدادی کیمپوں کے دورے کئے
## متاثرین سے ملاقات، شکایات پر ضلعی انتظامیہ سے رابطہ کرکے متاثرین کے مسائل حل کرنے کی ہدایت دی
## حق پرست وزراء نے موقع پر ہی متاثرین کیلئے کھانے پینے کے انتظامات کئے

کراچی۔6جون2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست وزراء رؤف صدیقی ، نثار احمد پہنور، شیخ محمد افضل اور وزیراعلیٰ سندھ کے حق پرست صوبائی مشیر غلام حیدر راہو نے سمندری طوفان اور شدید بارشوں سے متاثرین کیلئے ٹھٹھہ، بدین اور کراچی کے ساحلی علاقوں میں قائم کئے گئے امدادی کیمپوں کے دورے کئے اور متاثرین کی شکایات پر موقع پر ہی ضلعی انتظامیہ سے رابطہ کرکے متاثرین کے مسائل حل کرنے کی ہدایت دی۔حق پرست وزراء نے متاثرین کیلئے کھانے پینے کے انتظامات بھی کئے ۔حق پرست صوبائی وزیر رؤف صدیقی نے کرچی کے ساحلی علاقے ابراہیم حیدری، ریڑھی گوٹھ اور لٹھ بستی، حق پرست صوبائی وزیر شیخ محمد افضل نے مبارک ولیج اور عبدالرحمٰن گوٹھ جبکہ حق پرست صوبائی وزیر نثار پہنور نے بدین کے متاثرہ علاقوں گورلاچی، احمد راو روز یراعلیٰ سندھ کے حق پرست صوبائی مشیر غلام حیدر راہو نے ٹھٹھہ کے علاقے کیٹی بندر اور گاڑھو جا کر متاثرین سے ملاقاتیں کیں اور یہاں انہیں فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا۔حق پرست وزراء نے ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے تحت قائم کئے گئے طبی کیمپوں کا بھی دورہ کیا اور وبائی امراض میں مبتلا مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔اس موقع پر حق پرست وزراء نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے سمندری طوفان اور شدید بارشوں سے متاثرین کی امداد کیلئے ایم کیوایم کے ایک ایک شعبہ اور ونگز کا فعال کردیا ہے جو متاثرین کی محفوظ مقامات پر منتقلی، انہیں طبی سہولیات کی فراہمی اور کھانے پینے کے انتظامات کرنے میں مصروف ہے۔انہوں نے کہا کہ دکھی انسانیت کی خدمت ایم کیوایم کا نصب العین ہے یہی وجہ ہے کہ ہر مشکل اور مصیبت کی گھڑی میں خدمت خلق فاؤنڈیشن اپنا فعال کردار ادا کرتا ہے اور اس کی امدادی سرگرمیاں متاثرین کیلئے دن رات جاری ہیں۔اس موقع پر ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی اور کراچی مضافاتی کمیٹی کے انچارج و اراکین بھی ان کے ہمراہ تھے۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت ابراہیم حیدری کے بارشوں سے متاثرہ سینکڑوں افراد کو ناشتہ پہنچایا دیا گیا

کراچی۔۔۔6جون2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت جاری بارشوں سے متاثرہ علاقے ابراہیم حیدری کے محلّہ ٹبا میں سینکڑوں افراد کیلئے ناشتہ پہنچادیا گیا، یہ ناشتہ ایم کیوایم کی کراچی مضافاتی کمیٹی کے اراکین اور دیگر کارکنان نے اتوار کی صبح پہنچایا۔دریں اثناء خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت بارش زدگان کی امداد کیلئے بدین اور ٹھٹھہ میں بھی طبّی کیمپس قائم کردیئے گئے ہیں جہاں ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ماہر معالجین اور نیم طبّی عملے کے علاوہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کار بھی بڑی تعداد میں موجود ہیں اور ان کیمپوں میں بارش سے متاثر عوام کو طبّی امدادی کی فراہمی کا سلسلہ مسلسل جاری ہے۔

## ایم کیوایم رنچھوڑ لائن سیکٹر کے بزرگ کارکن رحمٰن غوری انتقال کر گئے الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔6جون2010ء

ایم کیوایم رنچھوڑ لائن سیکٹر یونٹ A-3 ایلڈرز ونگ کے کارکن رحمٰن غوری طویل عرصہ بیمار رہنے کے بعد انتقال کر گئے (انا اللہ وانا الیہ راجعون)۔مرحوم کی عمر 60 سال تھی اور ان کے سوگواران میں بیوہ اور دو بچے شامل ہیں جبکہ مرحوم کا ایک بیٹا عبیدالرحمٰن غوری شہید ہو چکا ہے۔دریں اثناء رحمٰن غوری مرحوم کو شفیق پورہ قبرستان بلدیہ ٹاؤن میں سپرد خاک کردیا گیا، مرحوم کی نماز جنازہ بعد نماز ظہر راشیدی مسجد موسیٰ لین میں ادا کی گئی نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست نمائندے، ایم کیوایم کے ایلڈرز ونگ کے ارکان، رنچھوڑ لائن سیکٹر کمیٹی کے ارکان، علاقائی یونٹس کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز و اقارب نے شرکت کی۔علاوہ ازیں متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے رحمٰن غوری کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وافسوس کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ رحمٰن غوری مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا فرمائے۔(آمین) علاوہ ازیں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے بھی ایم کیوایم رنچھوڑ لائن سیکٹر ایلڈرز ونگ کے کارکن رحمٰن غوری اور ایم کیوایم پی آئی بی جہانگیر روڈ سیکٹر یونٹ 57 کے کارکن راشد آرائیں کے والد محمد ارشد آرائیں کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور مرحومین کی مغفرت اور بلند درجات کیلئے دعا کی۔

## طوفانی بارشوں کے دوران ایم کیوایم کے کارکنان نے شاہراہوں اورسڑکوں پرخدمات انجام دیں

## پانی کی نکاسی کے کام انجام دیئے، وائپراورجھاڑو کی مدد سے سڑکوں کی صفائی کی، ٹریفک کیلئے متبادل راستے ہموار کئے،

## بجلی کی ٹوٹی تاروں سے لوگوں کودوراورمحفوظ رکھااورمتاثرین کی محفوظ مقامات پرمنتقلی کویقینی بنایا

## عوام کی جانب سے ایم کیوایم کے کارکنان کی خدمات کودیکھ کرخوشگوارحیرت کااظہار

## الطاف حسین کی تعلیمات اوردرس نے ایم کیوایم کے کارکنان کوعوامی خدمت کی روشن مثال بنادیاہے،لوگوں کے تاثرات

کراچی۔۔۔6جون2010ء

ہفتہ اوراتوار کی شب سمندری طوفانی کے نتیجے میں ہونے والی شدیدطوفانی بارشوں کے ہوتے ہی ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان نے کراچی سمیت سندھ بھرمیں اہم شاہراہوں اورسڑکوں پراپنی خدمات انجام دیں جسے ہرطبقہ فکر کی جانب سے انتہائی قدرکی نگاہ سے دیکھا گیا۔تفصیلات کے مطابق طوفانی بارشوں کے دوران برساتی پہنے ہوئے ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان نے کراچی،حیدرآباداوراندرون سندھ میں شاہراہوں،سڑکوں اورگلیوں میں کھڑے بارش پانی کی نکاسی کے کام انجام دیئے،وائپراورجھاڑو کی مدد سے بارش کے پانی کی صفائی کی،ٹریفک کیلئے متبادل راستے ہموار کئے،بجلی کی ٹوٹی ہوئی تاروں سے لوگوں کودوراورمحفوظ رکھا،سڑکوں پر بارش کے پانی کے باعث بند ہوجانے والی گاڑیوں کو دھکیل کرکنارے پرلگایااورٹریفک کی روانی کویقینی بنایا۔اسی طرح ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان نے بارشوں سے متاثرہ افرادکومحفوظ مقامات پرمنتقل کیا۔ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان کی جانب سے شدیدطوفانی بارش کے دوران موسم کی پرواہ کئے بغیران خدمات کوانجام دینے پرعوام نے خوشگوارحیرت کااظہارکیااورکہاکہ ہم رات بھراپنے گھروں میں رہےاورصبح ہم نے طوفانی بارشوں کے دوران صرف ایم کیوایم کے کارکنان کوشاہراہوں اورسڑکوں پردیکھا جولوگوں کی نہ صرف رہنمائی کررہے ہیں بلکہ انہیں خطرناک اورنشیبی علاقوں میں جانے سے روک رہے تھے جس سے عوام کی ایک بڑی تعدادناگہانی آفت سے محفوظ رہی اس کا تمام کریڈٹ قائدتحریک جناب الطاف حسین کوجاتاہے جن کی تعلیمات اوردرس نے ایم کیوایم کے کارکنان کوعوامی خدمت کی روشن مثال بنادیاہے۔عوام کا کہنا ہے کہ مشکل اورآزمائش کی گھڑی میں صرف ایم کیوایم کے نمائندے اورکارکنان رات گئے تک شدیدبارشوں کے باوجودعوام کے درمیان موجودرہے اورایک مرتبہ پھرثابت کردیاکہ حق پرست نمائندے کراچی،سندھ اوراس کے شہریوں کے سچے ہمدرد ہیں۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدردفتر سے بلوچستان کے علاقے ڈام کیلئے امدادی قافلہ روانہ ہوگیا

## امدادی قافلہ میں دوٹرک غذائی اجناس،ڈاکٹرز،نیم طبی عملے ارکان اورادویات بڑی مقدارمیں شامل ہیں

کراچی۔۔۔6جون2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے دوٹرک غذائی اجناس،ڈاکٹرز،نیم طبّی عملے کے ارکان اورادویات پرمشتمل ایک امدادی قافلہ اتوار کے روزشدیدطوفانی بارشوں سے متاثرہ بلوچستان کے علاقے ڈام کیلئے روانہ ہوگیاہے۔امدادی قافلہ کے ہمراہ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یارخان،ایم کیوایم کی صوبائی کمیٹی کے ارکان اورایم کیوایم بلوچستان کے آرگنائزر یوسف شاہوانی بھی موجود ہیں۔قائدتحریک الطاف حسین کی ہدایت پر یہ قافلہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدردفتر واقع فیڈرل بی ایریاسے روانہ کیاگیاجس میں غذائی اجناس،خشک دودھ،چائے کی پتی،پاپے،منرل واٹر،دالیں،چاول،آٹا،ادویات اورضروریات زندگی کی دیگراشیاء بڑی مقدارمیں شامل ہیں جوپیرتک متاثرین تک پہنچادی جائے گی۔

☆☆☆☆☆